نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 23, 2006)

مہرا کیمپ میں یو ایس ایڈ کے تعاون سے اساتذہ کو نئے تدریسی طریقوں کی تربیت

اسلام آباد (23 مارچ 2006ء) ___ وادی الائی میں واقع مہرا ریلیف کیمپ میں یو ایس ایڈ کی مالی معاونت سے چلنے والے تین اسکولوں میں کام کرنے والے اٹھائیس اساتذہ نے قابل قدر تربیت حاصل کی ہے جسے وہ واپس اپنے گاؤں جا کر بروئے کار لائیں گے۔ یو ایس ایڈ کی اشتراک کار تنظیم Save the Children کی جانب سے فراہم کردہ اس تربیت میں اساتذہ کو زلزلہ سے متاثر ہونے والے بچوں کی نفسیاتی اور سماجی ضروریات کو مدنظر رکھ کر تعلیم دینے کے عملی طریقے اور درسی طریقہ کار کی مختلف تیکنیکس سے آگاہ کیا گیا ہے تاکہ طالب علموں کو اپنے آبائی گاؤں میں نئے حالات کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے میں مدد ملے۔

سہ روزہ تربیتی کورس میں اساتذہ کو کیمپ میں دوران تدریس رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ اس کورس سے اساتذہ کو پڑھانے کے نئے طریقے اختیار کرنے اور طالب علموں کو سیکھنے کے عمل میں مدد ملے گی۔

Save the Children کی ایک ماہر تعلیم سارا لم Sara Lim کہتی ہیں کہ اساتذہ کو سب سے پہلے ان کی اپنی زندگی پر زلزلہ کے نفسیاتی اثرات کو سمجھنے کے متعلق بتایا گیا۔ اس عمل سے انہیں طالب علموں کی الجھنوں کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

اس تربیتی کورس میں درس و تدریس کی نئی تراکیب بھی متعارف کرائی گئی ہیں جن میں کردار کی ادائیگی، وژیول ایڈ، اجتماعی مشقیں اور اساتذہ کے سبق کے متعلق منصوبہ بندی شامل ہیں۔ اردو اور انگریزی کے استاد اسلام الرحمٰن کا کہنا ہے کہ بچے تصاویر کی مدد سے جلد سیکھتے ہیں۔

ایک اور استاد خیر المختار نے جو کیمپ میں آنے سے قبل ایک سرکاری اسکول میں پڑھاتے تھے بتایا کہ اب انہوں نے اپنے طریقہ تدریس میں اجتماعی مشقوں کو بھی شامل کر لیا ہے اور میں سبق کا اعادہ کرتا ہوں تاکہ اگر کسی بچے نے پہلی بار نہیں سیکھا تو وہ دوبارہ سمجھ لے۔ انہوں نے تین روزہ تربیت کو متاثر کن قرار دیا۔

امریکہ، یو ایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثر علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3